13-102026 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......ایل نینو کا اثر چارے پر نہ پڑے اس کے لئے ریاستی حکومت کو قبل از وقت اقدامات۔

لبریز تالابوں، کنٹوں کی اراضی پر جانوروں کے چارے کی کاشت کا فیصلہ۔

......دہلی میں مرکزی وزیر نتین گڈکری سے ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی کی ملاقات۔

تلنگانہ کے اہم بنیادی وسائل سے متعلق پراجکٹس پر تبادلہ خیال۔

......بی جے پی کے ریاستی صدر رامچند رراو نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس پارٹی دستوری اداروں کو دھمکانے کی سطح پر آ چکی ہے۔

اور

......ریاست میں آج اور کل خشک موسم، جمعرات سے بعض مقامات پر اوسط تا موسلا دھار بارش کی محکمہ موسمیات کی پیش قیاسی۔

MINISTERS

دریائے کرشنا پر تعمیر کروائے جانے والے آئیکانک برج کی سنگ بنیاد تقریب میں مرکزی وزیر نتین گڈکری کو شرکت کی ریاستی وزراء کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی اور جو پلی کرشنا راو نے دعوت دی ہے۔ اس سلسلے میں انہوں نے دہلی میں مرکزی وزیر سے ملاقات کی۔ نتین گڈکری نے تقریب سنگ بنیاد میں شرکت سے اتفاق کیا۔ ریاستی وزراء نے بتایا کہ نیشنل ہائی وے 167 پر تعمیر کروائے جانے والے اس برج سے شہر حیدرآباد سے تروپتی کے سفر میں 80 کلومیٹر کی دوری اور تقریباً تین گھنٹے سفر کے وقت میں کمی ہوگی۔

DESK

REVANT REDDY

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے مرکزی الیکشن کمیشن کے فیصلوں میں خامیوں سے متعلق کمیشن کے ارکان کے بیان کے پیش نظر سی ای سی گیانیش کمار کے خلاف وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کی جانب سے کاروائی نہ کرنے پر احتجاج کیا۔ دہلی میں انڈیا اتحاد کے مارچ فار ڈیموکریسی ریالی میں تلنگانہ کے لئے چیف منسٹر ریونت ریڈی۔ ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا۔ اور کانگریس کے قائدین نے شرکت کی۔ الیکشن کمیشن کے رویے پر تنقید کرتے ہوئے اس تحریک سے متعلق تلنگانہ بھون میں منعقدہ اجلاس میں شریک ہونے والے پارٹی قائدین کو چیف منسٹر نے خصوصی ہدایت دی۔

DESK

BHATTI VIKRAMARKA

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا نے سنگارینی کالریز کے فائدے میں مستقل ملازمین کیلئے 34 فیصد حصہ اور کنٹرکٹ ملازمین کے لئے

5500 روپئے بونس کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے آج پر جا بھون میں صحافیوں سے بات چیت کی۔ نائب وزیر اعلی نے کہا کہ زیر التواء ڈپنڈنٹ ملازمین کے تقررات،کوارٹرس کی جگہ،نہرو ہاوزنگ کالونی کی تعمیر کو یقینی بنایا جائے گا۔ ایریا ہاسپٹل کی عصری طریقے سے تعمیر کی جائے گی۔انہوں نے بتایا کہ اسی طرح راما گنڈم میں تھرمل پاور پلانٹ کے قیام کے ساتھ سنگارینی کی اراضیات پر غریب افراد کے لئے مکانات کے پٹہ جات کی تقسیم کی جائے گی۔اس اجلاس میں ریاستی وزیر سریدھر بابو دیگر عوامی نمائندے اور عہدیدار شریک تھے۔

DESK

SEETAKKA

ریاستی وزیر سیتا اکانے ہوم روڈس طریقہ کے تحت فیلڈ اسٹاف کو تربیت دینے کے لئے منعقدہ انسٹی ٹیوشنل اسٹرنگ گائنگ پروگرام میں شرکت کی۔حیدرآباد کے خیریت آباد میں واقعہ انسٹی ٹیوشن آف انجینئرس میں یہ پروگرام منعقد ہوا۔ ہوم روڈ طریقہ کار کے تحت ٹیکنکل شیڈول،ٹیکنکل ذمہ داریوں پر بنیادی سطح سے عملے کو تربیت دی جارہی ہے۔

DESK

KOMAT REDDY VENKAT REDDY

مرکزی وزیر نتین گڈکری سے دہلی میں وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے ملاقات کرتے ہوئے تلنگانہ کے اہم بنیادی وسائل سے متعلق پراجکٹس پر تبادلہ خیال کیا۔ریاستی وزیر نے بتایا کہ ایل بی نگر۔حیات نگر ڈبل ڈیکر ایلویٹیڈ کاریڈور کو گڈکری نے منظوری دی ہے اور انہوں نے دریائے کرشنا پر آئیکانک کیبل برج کی سنگ بنیاد تقریب میں شرکت سے اتفاق کیا ہے۔ریاستی وزیر نے بتایا کہ اس کے ذریعہ نیشنل ہائی وے 167۔ پر تلنگانہ۔آندھرا پردیش کے رابطے میں اضافہ ہوگا اور سیاحت میں بھی اضافہ ہوگا۔

DESK

VAKITI

کل ہند کانگریس کے صدر ملکارا جن کھرگے سے ریاستی وزراء پونم پربھاکر، واکیٹی سری ہری نے دہلی میں خیرسگالی ملاقات کی۔ دہلی میں کل منعقد چلو سپریم کورٹ پروگرام کے تناظر میں کھرگے سے ریاستی وزراء نے کچھ دیر تبادلہ خیال کیا۔ جمہوریت کے تحفظ، ووٹرس کے حقوق، فہرست رائے دہندگان پر جامع نظر ثانی اور چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے استعفیٰ سے متعلق موضوعات پر مرکزی سطح پر جاری احتجاج کے تناظر میں ریاستی وزراء نے صدر کانگریس سے ملاقات کی۔

DESK

BJP CHIEF

بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راو نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس پارٹی دستوری اداروں کو دھمکانے کی سطح پر اتر آئی ہے۔ انہوں نے سپریم کورٹ پر کانگریس، راہول گاندھی کے ڈرامائی موقف کی مذمت کرتے ہوئے حیدرآباد میں ہائی کورٹ بار کونسل کے گیٹ

کے پاس وکلاء کی جانب سے منعقدہ احتجاج میں شرکت کی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ہندوستان کے چیف جسٹس کو نشانہ بناتے ہوئے سوشیل میڈیا پر کانگریس کی جانب سے زہریلی تشہیر کی جارہی ہے۔ بی جے پی سربراہ نے کہا کہ سپریم کورٹ اور الیکشن کمیشن جیسے دستوری اداروں کا تمام کو احترام کرنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایس آئی آر کے ذریعہ تیرہ کروڑ ووٹ حذف کرنے کا کانگریس کا الزام جھوٹ پر مبنی ہے۔ کہیں بھی ایک ووٹ بھی قانون کے خلاف نہیں کاٹا گیا۔

DESK

EL NENO

ایل نینو کے اثرات کی باعث چارے کی قلت سے محفوظ رہنے کے لئے ریاستی حکومت نے قبل از وقت اقدامات کئے ہیں۔ تالابوں اور کنٹوں کے پاس کی اراضیات پر چارے کی کاشت کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ 45 دن کے اندر چارہ دستیاب کرنے کے لئے اقدامات کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔ سکریٹریٹ میں محکمہ پنچایت راج ودیہی ترقیات کے اسپیشل پرنسل سکریٹری دانا کیشور کی صدارت میں منعقدہ اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ ایک علاقے میں پانچ تا دس ایکڑ پر چارے کی کاشت کی جائے گی۔ فنڈس روزگار ضمانت اسکیم کے تحت مختص کئے جائیں گے۔

DESK

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستان میں کانگریس پارٹی کی جانب سے چائی جارہی آمرانہ سیاست نہیں چلے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگر کانگریس کو ووٹ نہیں دیا جاتا ہے تو اس کے لئے لیکشن کمیشن اور عوام کو غلط قرار دیئے جانے کا رویہ اختیار کیا جارہا ہے۔ دہلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ راہول گاندھی اقتدار کے لئے عالمی اداروں کو کمزور کرنے کے طریقہ کار کے تحت کام کررہے ہیں۔ کشن ریڈی نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور امیت شاہ جیسے قائدین پر ملک کے ساتھ غداری کا الزام عائد کرتے ہوئے اپوزیشن قائدین غیر ذمہ دارانہ بیانات دے رہے ہیں عوام کو اس پر غور کرنا چاہیے۔

DESK

KTR

بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راو نے نامپلی اے سی بی کی خصوصی عدالت میں ایک ڈسچارج پیٹیشن داخل کی ہے۔ اس پٹیشن میں کہا گیا ہے کہ فارمولا ای ریس کیس میں ان کے خلاف عائد کردہ بدعنوانیوں کے الزامات سے متعلق مناسب شواہد نہیں ہیں اور فنڈس کے غلط استعمال کے بھی شواہد بھی دستیاب نہیں ہیں اسی لئے ان کا نام چارج شیٹ سے ہٹا دیا جائے۔ اس درخواست پر غور کرنے کے بعد عدالت نے اس سلسلے میں اے سی بی کو جوابی حلف نامہ داخل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ اس کیس کی اگلی سماعت تیس تاریخ تک کے لئے ملتوی کردی گئی ہے۔

DESK

HARISH RAO

بی ار ایس ایل پی کے ڈپٹی فلور لیڈر ہریش راو نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شعبہ زراعت کو معیاری مفت برقی سربراہ کرنے کے بجائے کانگریس حکومت ریئتو ڈ سکام کے نام سے ایک سازش رچ رہی ہے۔انہوں نے حکومت کی جانب سے جاری کردہ جی او 17 سے فوری دستبرداری اختیار کرنے کا مطالبہ کیا۔ ہریش راو نے کہا کہ یکطرفہ فصلوں سے کسانوں کے ساتھ شدید ناانصافی ہورہی ہے۔ انہوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکومت مفت برقی پر واضح تیقن دے۔

DESK

WEATHER

محکمہ موسمیات نے بتایا کہ ریاست میں اس مہینے کی 15 سے 18 تاریخ تک بعض اضلاع میں گرج چمک اور ہواوں کے ساتھ بارش کا امکا ن ہے۔ بتایا گیا ہے متحدہ ضلع ورنگل، کھمم، حیدرآباد سمت بعض علاقوں میں بارش ہوگی۔

DESK

BONUS

ریاستی حکومت نے روزگار ضمانت اسکیم کے تحت FTE ملازمین کے لئے گریجویٹی منظور کرتے ہوئے جی او جاری کیا ہے۔اس اقدام سے 3800 ملازمین کو معاشی بھروسہ حاصل ہوا ہے۔ریاستی وزیر پنچایت راج سیتا اکان کی دلچسپی کے نتیجہ میں 20 سال سے ملازمت کے لئے جدوجہد کرنے والوں کو ان کی محنت کا ثمر حاصل ہوا۔اس جی او کے تحت ملازمین کو وظیفہ کے وقت کم از کم چار لاکھ روپئے گریجویٹی حاصل ہوگی۔ دس سال خدمات مکمل کرنے پر کم از کم دس لاکھ روپئے کا فائدہ ہوگا۔

DESK

EPIC

چیف الیکٹورل آفیسر سدرشن ریڈی نے ہدایت دی ہے کہ گریجویٹ حلقوں میں ووٹرس کے اندراج کے لئے ایپک تفصیلات فراہم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے اصرار نہ کیا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ ایپک نمبر نہ دیئے جانے کی ایک وجہ سے فارم 18۔ درخواستوں کو مسترد نہیں کیا جاسکتا۔محبوب نگر، رنگاریڈی، حیدرآباد، ورنگل، کھمم، نلگنڈہ، گریجویٹ حلقوں کی ووٹر لسٹ یکم نومبر 2026۔کی اہلیت کے تحت نئے سرے سے تیار کی جارہی ہے۔

DESK

SIR

مرکزی الیکشن کمیشن نے ووٹر لسٹ سے نام حذف کرنے کے لئے ایک ووٹر کی جانب سے داخل کئے جانے والے فارم۔7 درخواستوں کو

الیکشن کمیشن نے محدود کردیا ہے۔کمیشن نے واضح کیا کہ مناسب شواہد کے بغیر بڑی تعداد میں اعتراضات داخل کرنے سے متعلقہ ووٹرس کو مشکلات درپیش ہوتی ہیں۔اور بنیادی سطح سے عملے پر کام کے بوجھ میں اضافہ ہوتا ہے۔اس سلسلے میں دعووں۔اعتراضات کی پوری مدت کے دوران مجموعی طور پر ایک ووٹرز یادہ سے زیادہ دس فارم۔7ہی داخل کرسکتا ہے۔

DESK

K KAVITA

تلنگانہ رکشنا سینا صدر کے کویتا نے مطالبہ کیا کہ تلنگانہ کے قبائیلی علاقوں میں کانسٹبلس کی جائیدادوں پر تقررات کے لئے ایس ٹیز کو 75 فیصد ریزرویشن فراہم کیا جائے۔انہوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جی او109 ۔گزٹ 49 کے تحت ریزرویشن کے طریقہ کار پر پولیس ریکرویمنٹ بورڈ کی جانب سے عمل نہ کئے جانے کی وجہ سے آدیواسی اور گریجن نوجوانوں کے ساتھ شدید ناانصافی ہورہی ہے۔

DESK

WATER BOARD

محکمہ آبرسانی نے ایل نینو کے اثرات کی وجہ سے نومبر تک آبی ذخائر کے سوکھ جانے کی وجہ سے شہر حیدرآباد میں پینے کے پانی کی سربراہی میں کمی کی اطلاعات کی مذمت کی ہے۔محکمہ آبرسانی کے حکام نے عوام سے اپیل کی کہ واس طرح کے بے بنیادخبروں پر یقین نہ کریں اور نہ ہی اسے فارورڈ کریں۔

DESK